کردارادا کریں۔ زندگی بھرامیرِ شریعت کے مشن پر کار بند رہیں۔ مزید کہا کہ قادیانیوں کے فتنے سے سادہ لوح مسلمانوں کو بچانے کیلئے کارکن متحرک اور فعال رہیں اور جدوجہد جاری رکھیں۔ شاہ جی کی وفات پر صرف مجلس احرار نہیں۔ جمعیت علماء اسلام (ف، س)، مجلس تحفظ ختم نبوت، وفاق المدارس العربیۂ پاکستان علماء کونسل کے تمام رہنماؤں مولانا فضل الرحمٰن، مولانا سمیع الحق، مولانا حنیف جالندھری، ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری، سید حافظ حسین احمد اور دیگر رہنماؤں نے تعزیت کا اظہار کیا اور شاہ جی کی دینی خدمات کو سراہا۔ آہ! آج شاہ جی بھی ہم سے رخصت ہو کر اپنے عظیم والد حضرت امیر شریعت کے قدموں میں ہمیشہ کے لیے ابدی نیند سو گئے۔

مسافرانِ آخرت

★ **مولانا حسین احمد قریشی رحمۃ اللہ علیہ:** بھوئی گاڑ، ٹیکسلا کے معروف عالمِ دین اور ہمارے دیرینہ کرم فرما، ۱۲؍اپریل کو انتقال کر گئے۔ مولانا مرحوم حضرت مفتی حکیم عبدالحیٔ قریشی رحمہ اللہ کے فرزند تھے۔ حضرت مفتی صاحب مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ رہے اور ۱۹۴۶ء کے انتخابات میں مجلس احرارِ اسلام ہند کی طرف سے امیدوار تھے۔ مولانا حسین احمد قریشی رحمہ اللہ نے اس موروثی تعلق کو آخر وقت تک نبھایا۔ ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ اُن کی دعوت پر بھوئی گاڑ تشریف لے جاتے رہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرمائے۔

★ **حضرت مولانا مشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ:** حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے نواسے، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مرکزی ناظم بیت المال، دارالعلوم اسلامیہ لاہور کے بانی، مہتمم، شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی رحمہ اللہ مدینہ منورہ میں ۳۰؍اپریل ۲۰۱۸ء کو انتقال کر گئے۔ آپ حضرت ڈاکٹر عبدالحیٔ عارفی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفۂ مجاز تھے۔ عمرہ کے لیے حجاز مقدس تشریف لے گئے اور وہیں وقت اجل آ پہنچا۔ جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔ حق تعالیٰ مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔

★ دفتر احرار چیچہ وطنی کے کارکن سید محمد سلیم شاہ کے خالہ زاد سید ریاض حسین شاہ مرحوم۔ انتقال: اپریل ۲۰۱۸ء

★ ملتان میں ہمارے کرم فرما اور احرار کارکن بھائی جاوید شیخ کی والدہ ماجدہ مرحومہ۔ انتقال: ۲۴؍اپریل ۲۰۱۸ء ★ ملتان میں ہمارے رفیق فکر جناب طیب علی تگہ کے والد ماجد اور ہمارے دیرینہ دوست جنا عظمت علی تگہ ایڈووکیٹ مرحوم۔ انتقال: ۳۰؍اپریل ۲۰۱۸ء ★ ملتان میں ہمارے کرم فرما جناب عنایت اللہ ٹوانہ کی اہلیہ مرحومہ۔ انتقال: ۸؍اپریل ۲۰۱۸ء بورے والا جماعت کے ذمہ دار جناب رانا عابد رشید کی بڑی ہمشیر صاحبہ۔ انتقال: 22۔ مارچ، فیصل آباد ★ جناب عبداللطیف خالد چیمہ کے ہم زُلف اور محمد قاسم چیمہ کے خالو، چودھری سیف اللہ ایڈووکیٹ (بورے والا) انتقال: 2۔ مئی، بدھ ★ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ العالی کے شاگرد، حافظ ظہور احمد چیمہ (چیچہ وطنی) کی اہلیہ محترمہ، لاہور جماعت کے معاون عزیزم محمد عمیر چیمہ کی والدہ ماجدہ اور حاجی عبداللطیف خالد چیمہ کی بھابھی صاحبہ، انتقال: 5۔ اپریل جمعرات، لاہور

اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔